16 تا 31 اگست 2026



زرعی سفارشات

# زرعی سفارشات



عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع واڈپٹو ریسرچ) پنجاب، لاہور

## کپاس

### مون سون بارشوں کے بعد کپاس کی دیکھ بھال

- مون سون بارشوں کے نتیجے میں جڑی بوٹیوں کی کثرت ہو جاتی ہے لہذا فوری تلفی کو یقینی بنائیں
- کپاس میں موجود اضافی پانی کے فوری نکاس کا انتظام کریں تاکہ مرجھاؤ (wilting) سے فصل بچ جائے
- بارشوں کے بعد ضرورت کے مطابق پودے کو نائٹروجن اور دوسرے غذائی عناصر فوری طور پر مہیا کریں تاکہ فصل کی پیداواری صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکے
- بارشوں کے بعد اگر فصل زیادہ بڑھوتری کی طرف مائل ہو تو میپی کواٹ کلورائیڈ بحساب 100 ملی لٹر فی ایکڑ سپرے کریں

## نقصان دہ کیڑوں کا مربوط انسداد

### کپاس کی سفید مکھی (Whitefly)

- کپاس کے کھیتوں اور اسکے اردگرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں۔
- نائٹروجنی کھادوں کا استعمال فصل کی ضرورت کے مطابق کریں۔ فصل کو پانی کی کمی یا زیادتی سے بچائیں اور فصل کی ضرورت اور موسمی حالات کے مطابق آبپاشی کریں۔
- ہفتے میں 2 مرتبہ پیسٹ سکاؤٹنگ کریں جبکہ زہر پاشی کیڑوں کی معاشی نقصان کی حد پر ہی کریں۔
- متبادل میزبان فصلات مثلاً بینگن، کھیرا، کدو، مرچ، بھنڈی اور تل وغیرہ پر باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور ان فصلات پر بھی سفید مکھی کا بروقت تدارک کیا جا سکے۔
- سفارش کردہ زرعی زہروں کا استعمال مناسب وقت، مقدار اور سپرے کے مروجہ طریقہ سے کریں۔ ایک ہی کیمسٹری کی زرعی زہروں کے بار بار استعمال سے گریز کریں۔
- سپرے کی مناسب کوریج کو یقینی بنائیں (ترجیحاً پاور اسپریئر کا استعمال کریں)۔ سپرے کے لیے اچھی کوالٹی کی ہولو کون نوزل کا استعمال کریں۔ زرعی زہروں کا سپرے ترجیحاً شام کے وقت کریں۔
- اگر حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت (توسیع) یا پیسٹ وارننگ کے عملہ کے مشورہ سے سفارش کردہ زرعی زہر یں استعمال کریں۔

### چست تیلہ (Jassid)

- بارشوں کے بعد ہوا میں نمی کا تناسب بڑھ جاتا ہے جس سے سبز تیلہ کے حملہ کا خطرہ بھی زیادہ ہوتا ہے لہذا فصل کی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔
- سبز تیلہ کی تعداد اگر ایک فی پتا یا اس سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے مناسب زہروں کا سپرے کریں۔
- ایک ہی کیمسٹری کی زرعی زہروں کے بار بار استعمال سے گریز کریں۔ دوست کیڑوں کے تحفظ کے لیے محفوظ کیمسٹری کی زرعی زہروں کا انتخاب کریں۔
- سپرے سے پہلے سپرے مشین کی جانچ پڑتال مکمل کریں اور ہالو کون نوزل استعمال کریں۔
- اگر حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت (توسیع) یا پیسٹ وارننگ کے عملہ کے مشورہ سے سفارش کردہ زرعی زہر یں استعمال کریں۔

### کپاس کی ملی بگ (Mealy Bug)

- ملی بگ کے حملے کا بروقت پتہ لگانے کے لئے ہفتے میں باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔
- ملی بگ کے کھیت اور کھالوں کے اردگرد جڑی بوٹیوں خاص طور پر اٹ سٹ، کنگی بوٹی، ہزار دانی اور اکسن وغیرہ کو تلف کریں۔
- فصل کو پانی کی کمی سے بچائیں اور متاثرہ فصل سے صحت مند فصل میں ورکرز کے مسلسل داخلے سے گریز کریں۔
- حملہ شدہ پودوں پر سفارش کردہ زرعی زہروں کا سپرے متاثرہ ٹکڑیوں/فصل پر کریں۔
- متاثرہ ٹکڑیوں کی نشاندہی کریں تاکہ ان ٹکڑیوں پر مسلسل دو سپرے کیے جا سکیں۔
- اگر حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت (توسیع) یا پیسٹ وارننگ کے عملہ کے مشورہ سے سفارش کردہ زرعی زہر یں استعمال کریں۔

### گلابی سنڈی (Pink Bollworm)

- گلابی سنڈی کے حملے کا بروقت پتہ لگانے کے لئے ہفتے میں دو بار کپاس کی فصل کی پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔
- مانیٹرنگ کے لئے گلابی سنڈی کے جنسی پھندے 1 تا2فی ایکڑ اور کنٹرول کے لئے 9 تا12 پھندے فی ایکڑ لگائیں اور ہر 15 دن کے وقفے سے فیرومون کیپسول کو تبدیل کریں یا لمبے عرصے والے فیرومون استعمال کریں۔
- اگر حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہوتو محکمہ زراعت (توسیع) یا پیسٹ وارننگ کے عملہ کے مشورہ سے سفارش کردہ زرعی زہریں استعمال کریں۔

## کپاس کا پتہ مروڑ وائرس (CLCuV)

- اس بیماری کی وجہ سے پتوں کی رگیں پھول جاتی ہے، پتے عام طور پر اوپر کی طرف اور نیچے کی طرف مڑ جاتے ہیں اور شدید حملہ کی صورت میں نچلی سطح پر چھوٹے پتے نمودار ہو جاتے ہیں۔اس سال کپاس کی فصل پر وائرس کے اثرات زیادہ مشاہدہ میں آ رہے ہے لہذا اس کو کنٹرول کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات بہت ضروری ہیں۔
- باغات، کھالوں اور وٹوں پر اگی ہوئی جڑی بوٹیاں تلف کریں۔
- پتہ مڑور وائرس سفید مکھی کے ذریعے بہت جلد پھیلتا ہے لہذا اس کے انسداد کے لیے مختلف کیڑے مار زہروں کے ساتھ ساتھ حیاتیاتی انسداد کو بھی زیادہ سے زیادہ بروئے کار لائے اور فصل کے دوست کیڑوں کو زیادہ سے زیادہ بڑھائیں۔
- صحت مند فصل ہی بیماری کا بہتر مقابلہ کرسکتی ہے۔اس لیے کپاس کی قسم کے مطابق سفارش کردہ پیداواری ٹیکنالوجی مثلاً وقت کاشت، آبپاشی، تحفظ نباتات پر عمل کیا جائے۔
- زنک سلفیٹ (33فیصد) 250 گرام، بوریکس 250 گرام اور میگنیشیم سلفیٹ 300 گرام 100 لٹر پانی میں حل کر کے بوائی کے بعد بالترتیب 75،60 اور 90 دن کے وقفہ سے تین سپرے کریں۔

### دھان

- نائٹروجنی کھاد کا استعمال اگر 15 اگست تک مکمل نہیں ہو سکا تو جلد از جلد مکمل کر لیں اور پچھتی کاشتہ فصل میں کھاد کا استعمال فصل کی صورتحال کے مطابق جلد مکمل کر لیں۔
- نائٹروجنی کھاد کے استعمال کے وقت پانی کی مقدار کم سے کم ہو۔
- موسمی صورتحات کو مدنظر رکھتے ہوئے فصل کی ضرورت کے مطابق آبپاشی کا خاص خیال رکھیں۔

## کیڑوں اور بیماریوں سے متعلق سفارشات

### فصل دھان میں پتہ لپیٹ سنڈی کا موثر تدارک:

دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی پتوں کو لپیٹ کر اندر سے کھاتی ہے، جس سے پتوں کی ضیائی تالیف (Photosynthesis) متاثر ہوتی ہے اور پودے کی نشوونما اور پیداوار میں نمایاں کمی آتی ہے۔کیڑے کا حملے کو بروقت کنٹرول کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات از حد ضروری ہیں۔

- ہفتہ وار بنیاد پر دھان کی فصل کی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور کھیت سے تمام جڑی بوٹیوں کو تلف کریں۔
- مانیٹرنگ اور کنٹرول کے لیے روشنی والے پھندوں کا استعمال کریں۔
- نائٹروجنی کھادوں کا حد سے زیادہ استعمال نہ کریں۔
- مفید کیڑوں جیسے مکڑیاں، پیراسائٹک وسپس، اور ڈریگن فلائیز وغیرہ کی افزائش کی حوصلہ افزائی کریں۔
- کیڑے کا حملہ معاشی نقصان کی حد سے زیادہ ہونے کی صورت میں، مقامی محکمہ زراعت کے عملے کے مشورہ سے موزوں زرعی زہروں کا استعمال کریں۔

### پتوں کے جراثیمی جھلساؤ (Bacterial Leaf Blight) کا مربوط تدارک

یہ بیماری فصل کی پیداوار میں شدید کمی کا باعث بنتی ہے۔اس بیماری میں پتوں پر زرد دھبے بننا شروع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے پتے مرجھانے لگتے ہیں اور خشک ہو کر نیچے کی طرف جھک جاتے ہیں۔

اس بیماری پر مؤثر قابو پانے کے لیے درج ذیل اقدامات از حد ضروری ہیں:

- فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال کو یقینی بنایا جائے تاکہ بیماری کے امکانات کم ہوں۔
- کسانوں کو آگاہی دینے کے لیے تربیتی سیشنز کا انعقاد کیا جائے، تاکہ وہ اس بیماری سے بچاؤ اور کنٹرول کی مؤثر حکمتِ عملی سے آگاہ ہو سکیں۔
- مقامی محکمہ زراعت کے عملے سے رابطہ کر کے موزوں زرعی زہروں کا ااستعمال کریں۔

### موسمیاتی تبدیلیوں کے پیشِ نظر فصل کی خصوصی نگہداشت

موسمیاتی تبدیلیوں کے سبب بے وقت اور غیر متوقع بارشوں اور درجہ حرارت میں غیر معمولی کمی یا بیشی کی وجہ سے فصلوں پر نقصان دہ اثرات مرتب ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ نقصان دہ

کیڑے اور بیماریوں کے حملہ کی شدت میں بھی تبدیلی آتی ہے۔ان اثرات کو کم سے کم کرنے کے لئے فصل کی خصوصی نگہداشت کریں، فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور موسمی پیشین گوئی سے باخبر رہیں۔فصل کی تحفظِ نباتات کا خاص خیال رکھیں۔

## زہروں کا محفوظ استعمال

فصل پر سفارش کردہ محفوظ زہریں استعمال کریں، زہر کے استعمال اور فصل کی برداشت کے درمیان ضروری وقفہ یعنی PHI (Pre Harvest Interval) کو لازمی مدِنظر رکھیں۔ زہر کا انتخاب کرتے وقت جنس میں زرعی زہروں کی باقیات کی قابل قبول زیادہ سے زیادہ حد یعنی (MRL(Maximum Residual Limit کو ہر صورت دیکھیں تاکہ اس کے استعمال سے جنس میں زہر کی باقیات حد سے زیادہ موجود نہ رہیں اور برآمد کرنے کی صورت میں بین الاقوامی منڈی میں جنس رد نہ ہو اور ملکی چاول کی ساکھ متاثر نہ ہو۔

## مونگ/ ماش

- مونگ/ ماش کی اچھی پیداوار کے لیے جڑی بوٹیوں کی تلفی نہایت ضروری ہے۔لہٰذا ان کو بروقت تلف کریں۔
- مونگ/ ماش کی فصل کو 3 پانی درکار ہوتے ہیں۔ پہلا پانی اگاؤ کے تین ہفتے بعد، دوسرا پھول نکلنے پر اور تیسرا پھلیاں بننے پر دیں۔اگر اس دوران بارش ہو جائے تو آبپاشی حسب ضرورت کریں۔زیادہ بارش کی صورت میں زائد پانی کے نکاس کا مناسب بندوبست کریں
- مونگ/ ماش کی بیماریوں اور کیڑوں مکوڑوں کا تدارک محکمہ زراعت توسیع / پیسٹ وارننگ کے مقامی عملہ کے مشورہ سے کریں۔

## سبزیات

- ٹماٹر اور گوبھی کی پنیری کی کاشت جاری رکھیں۔
- ٹماٹر کی منظور شدہ اقسام روما، نگینہ، پاکٹ نقیب، نادر اور سالار کاشت کریں۔
- کاشتہ سبزیات کی آبپاشی موسمی حالات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کریں۔بارش کے فالتو پانی کے نکاس کا انتظام کریں۔
- مولی کی اگیتی اقسام دیسی، شاؤمائی، 40 دن والی، منو اور لال پری کی کاشت جاری رکھیں۔
- شلجم کی اقسام پرپل ٹاپ، گولڈن بال، دیسی سرخ وغیرہ کی کاشت شروع کریں۔
- ٹنل برائے سبزیات میں کاشتہ جنتر براہ سبز کھاد، جب پھولوں پر آنے لگے تو بذریعہ روٹاویٹر زمین میں ملا دیں، آدھی بوری یوریا ڈال کر پانی لگادیں اور وتر آنے پر ہل چلادیں۔

## باغات (آم)

- بارش کی صورت باغات میں سے فالتو پانی کے نکاس کا انتظام کریں۔
- پچھیتی اقسام کے پھل کی برداشت جاری رکھیں۔
- آم کے نئے باغات لگانے کے لیے Layout (نشان دہی) کے بعد 3x3x3 فٹ کے گڑھے کھودیں ایک فٹ کی اوپر والی مٹی علیحدہ رکھیں باقی کھیت میں بکھیر دیں اور گڑھے دو ہفتے تک کھلے رکھیں۔
- تسلی بخش پودے خریدنے کے لیے رجسٹرڈ نرسری کا انتخاب کریں۔
- آم کے باغات میں نائٹروجن کھاد کی تیسری قسط بحساب 1 کلوگرام یوریا ڈالنے کا بندوبست کریں۔
- تیلے، سکیلز اور دوسرے کیڑوں کے حملہ کی صورت میں سفارش کردہ زہریں سپرے کریں۔
- پھل کی مکھی کا انسداد جاری رکھیں، جڑی بوٹی مار زہروں کا انتظام کریں۔

## ترشاوہ پھل

- بارش کی صورت میں باغات میں سے فالتو پانی کے نکاس کا انتظام کریں۔
- کاغذی لیموں اور میٹھے کی برداشت جاری رکھیں۔
- سفارش کردہ کھٹی کی نرسری لگائیں۔
- آبپاشی موسمی پیشن گوئی کے مطابق کریں۔
- ترشاوہ پودوں کو نائٹروجن کی تیسری قسط ڈالیں۔بہتر ہے کہ کھادوں کا استعمال تجزیہ زمین کے مطابق کریں۔
- نئے پودے لگانے کے لیے Layout (نشان دہی) کے بعد 3x3x3 فٹ کے گڑھے کھودیں۔ایک فٹ کی اوپر والی مٹی علیحدہ رکھیں باقی کھیت میں بکھیر دیں اور گڑھے دو ہفتے تک کھلے رکھیں۔
- تسلی بخش پودے خریدنے کے لیے رجسٹرڈ نرسری کا انتخاب کریں۔
- پیوندکاری کا عمل تیز کریں نیز باغ میں پودوں کے ناغوں کا جائزہ لیں اور ناغے لگائیں۔
- کیڑوں اور بیماریوں کی شدت کا معائنہ کرنے کے بعد ان کا تدارک کریں۔
- برسات کے موسم میں کئی دفعہ پودوں کے تنوں سے گوند نکلنا شروع ہو جاتی ہے۔اس کو کسی تیز دھار آلہ سے اتار کر زخموں پر بورڈو پیسٹ لگائیں۔
- میٹھے کا پھل برداشت کرنے کے بعد یوریا، ڈی اے پی اور پوٹاش ایک ایک کلوگرام فی پودا ڈالیں۔